# THE WEST BENGAL COUNCIL OF RABINDRA OPEN SCHOOLING

## UCHCHA MADHYAMIK PARIKSHA, 2023

## Urdu
## (Old Syllabus)

**Time : 3 Hours 15 Minutes** **Full Marks : 100**

(First 15 Minutes for reading the question paper)

## (General Instructions for the Examinees)

All Candidates should answer First Paper and Second Paper in one Answer Booklet.

Candidates should write their Name, Roll No. and Registration No. in their respective answer scripts.

First 15 Minutes are allotted for reading the question paper.

Answers should be in brief and to the point.

Write correct question no. against each answer.

Special credit will be given for answers which are brief and to the point.

Marks will be deducted for spelling mistakes, untidiness and bad handwriting.

In the right side the marks of questions are given.

**Paper–I** **Marks–50**

**1.** مندرجہ ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب دیجئے: 1×5=5

(i) نصاب میں شامل مرزا غالبؔ کے خط بنام منشی ہر گوپال تفتہ کا خلاصہ لکھئے۔

(ii) سر سید احمد خان اپنے مقالہ ''امید'' میں کیا کہنا چاہتے ہیں؟

**2.** مندرجہ ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب دیجئے:

(i) ''پھر جب سخت گھبراتا ہوں اور تنگ آتا ہوں تو یہ مصرعہ پڑھ کر چپ ہو جاتا ہوں مصرعہ:

اے مرگ ناگہاں تجھے کیا انتظار ہے۔''

غالبؔ نے ایسا کیوں کہا تفصیل سے بیان کیجئے۔ 10×1=10

(ii) ''ہم کو تمام عمدہ چیزوں کے حاصل ہونے کی امید رکھنی چاہئے کیوں کہ کوئی چیز ایسی نہیں ہے جس کی امید نہ ہو سکے اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو ہم کو دے نہ سکے۔''

یہ جملے کہاں سے لئے گئے ہیں؟ مصنف کون ہیں اور انہوں نے ایسی بات کیوں کہی؟ 2+2+6=10

(iii) افسانہ ''بے وزنی'' کے حوالے سے پیغام ریکارڈ کرنے کے پروگرام پر اپنے خیال کا اظہار کیجئے۔ 10×1=10

(iv) خواجہ حسن نظامی کے والد اور بھائی کا نام کیا تھا؟ ان کی دو کتابوں کے نام لکھئے۔ خواجہ حسن نظامی کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟ انشائیہ ''جھینگر کا جنازہ'' میں ابن عربی کی کس کتاب کا حوالہ دیا گیا ہے؟

2+3+2+3=10

**3.** درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب دیجئے: 10×1=10

(i) درج ذیل شعر کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بتائیے۔

شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے
دل ہوا ہے چراغ مفلس کا

(ii) درج ذیل بند کا مرکزی خیال پیش کیجئے۔

کل پاؤں ایک کاسۂ سر پر جو آ گیا
یک سر وہ استخوان شکستوں سے چور تھا
کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر
میں بھی کبھو کسو کا سرِ پر غرور تھا

(iii) اکبرالہ آبادی کی شاعری کی بنیاد کن باتوں پر تھی بیان کیجئے۔

(iv) درج ذیل رباعی کی تشریح کیجئے۔

کیا جانیئے چہرہ زرد ہوتا کیوں ہے — دل رنج والم سے سرد ہوتا کیوں ہے
افسوس کہ اتنا بھی نہیں ہے معلوم — کانٹا چبھنے سے درد ہوتا کیوں ہے

**4.** کسی ایک سوال کا جواب دیجئے: 5×1=5

(i) ضعف پیری سے خم ہوئی تھی کمر — راہ بیچارہ چلتا تھا جھک کر

یہ شعر کس نظم سے ماخوذ ہے؟ شاعر کون ہے؟ یہ شعر کس موقع کا ہے۔ بیان کیجئے۔ 1+1+3=5

(ii) اردو زبان کے تین رباعی گوشعراء کے نام بتائیے۔ رباعی کے موضوعات کیا ہیں؟
رباعی کے کیا معنی ہوتے ہیں؟ 2+2+1=5

(iii) سرکار کو ٹیکس دلاتے ہیں — تو بیچتا ہے کھا جاتا ہے

کون لوگ سرکار کو ٹیکس دلاتے ہیں؟ اور کون لوگ بیچ کر کھا جاتے ہیں۔ 2½+2½=5

(iv) ہاکر (Hawker) کسے کہتے ہیں؟ وہ سڑکوں پر اپنی دکان کیوں لگاتے ہیں؟ 2+3=5

**5.** درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب دیجئے: 5×1=5

(i) بند کی تشریح کیجئے۔

یہ شہر بڑا ہے کلکتہ     وہ شخص ہے مورکھ البتہ
جو منہاری کپڑا اللہ     فٹ پاتھ پہ یوں پھیلاتا ہے

(ii) پرویز شاہدؔی کے بارے میں مختصر بیان کیجئے۔

**6.** کسی ایک سوال کا جواب دیجئے: 5×1=5

(i) نظم ''میں اور ہم'' کا خلاصہ لکھئے۔

(ii) پرویز شاہدؔی کی دو انقلابی نظموں، دو رومانی نظموں اور دو شعری مجموعے کے نام بتائیے۔

**7.** کسی دو سوالوں کے جواب دیجئے: 5×2=10

(i) ترقی پسند تحریک سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(ii) بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟ کسی ایک کی تعریف مع مثال کیجئے۔

(iii) درج ذیل سے کسی پانچ کی عربی جمع بتائیے۔

اسم - افق - آخر - امیر - رقم - حاجی - برکت

(iv) محاوروں سے جملے بنائیے (کوئی دو)

آب آب ہونا - آٹا گیلا ہونا - بات بڑھانا - باتوں میں آنا

**Paper–II** **Marks–50**

**1.** کسی ایک سوال کا جواب دیجئے: 5×1=5

(i) ''زندگی اور وجود کے جس گوشے کو دیکھئے قدرت کی کرشمہ سازیوں کے ایسے تماشے نظر آئیں گے۔''

یہ عبارت کہاں سے ماخوذ ہے؟ اس کی وضاحت کیجئے۔

(ii) مولانا حالی نے غالبؔ کو ''حیوان ظریف'' کیوں کہا ہے؟

(iii) ''آپ کے سوا اور کس کے دُوار پر جاؤں۔''

یہ عبارت کہاں سے ماخوذ ہے؟ کس نے کس سے اور کیوں مدد مانگی؟

**2.** کسی ایک سوال کا جواب دیجئے: 5×1=5

(i) کچھ ایسی دور بھی نہیں منزل مراد اب تم سے دل کی بات کہیں کیا زباں سے ہم

اس شعر کی تشریح کیجئے۔

(ii) حسرتؔ موہانی کی حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔

**3.** کسی ایک سوال کا جواب دیجئے: 5×1=5

(i) نظم ''انسان اور بزم قدرت'' کا مختصر خلاصہ لکھئے۔

(ii) صنف رباعی کی تعریف کیجئے۔ اردو کے دو رباعی کے شاعروں کے نام بتائیے۔

4. کسی ایک سوال کا جواب دیجئے: 5×1=5

(i) ڈرامہ ''رستم وسہراب'' کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(ii) ''آغا حشر کاشمیری کو اردو ادب کا شیکسپیئر کہا جاتا ہے۔'' اس جملے کی وضاحت کیجئے۔

5. کسی ایک سوال کا جواب دیجئے: 5×1=5

(i) موسم بہار کی تعطیلات گزارنے کے لئے کسی دوست کے یہاں گئے ہوں۔ وہاں سے اپنے والد صاحب کو خیریت سے پہنچنے کی اطلاع دیجئے۔

(ii) چھوٹے بھائی کو خط لکھیں اور سگریٹ نوشی کے نقصانات پر روشنی ڈالیں۔

6. مندرجہ ذیل پیراگراف کا اردو ترجمہ کیجئے: 5×1=5

India is the land of our birth. It is a vast country. There are in it dreadful deserts, lofty mountains, great rivers, green cornfield and awful forests. We may see here gorgeons temples, mosques, large cities, strong forests, rich places, busy markets place and fine ports. There are many types of humain being in this country. Some are tall, some shorts in structure, some are fair while others are dark skinned.

7. درج ذیل الفاظ کی ضد بتائیے: (کوئی پانچ) 1×5=5

وزنی - مردہ - ماں - نیکی - لذیز -کمزور - شکست - حرام

**8.** مندرجہ ذیل ضرب المثل کو جملوں میں استعمال کیجئے: (کوئی دو) 2½×2=5

خربوزہ کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے ۔ بندر کیا جانے ادرک کا سواد۔

بھینس کے آگے بین بجانا۔ اپنی گلی میں کتّا بھی شیر ہوتا ہے۔

9. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے: 10

(i) تعلیم نسواں (ii) اخبار بینی کے فوائد (iii) سائنس کے فائدے اور نقصانات